22/01/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مشاہد حسین سے خبریں سُنئے

کابینہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں آج جموں میں کابینہ کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس دوران عوامی نوعیت اور انتظامی اہمیت کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔

وزیر اعلیٰ

دریں اثناءوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جانکاری دی ہے کہ شری ماتا ویشنو دیوی میڈیکل کالج کے MBBS طلباءکے لئے نئے کالج الاٹ کرنے کا معاملہ حل کیا گیا ہے ۔ اس تعلق سے جموں کشمیر بورڈ آف پروفیشنل انٹرنس Examination نے کاونسلنگ شیڈول جاری کیا ہے اور اب یہ طلباءاپنی تعلیم جاری رکھ سکتے ہیں ۔

ستیش شرما

خوراک اور سول سپلائز کے وزیر ستیش شرما نے نئی دلی میں منعقدہ چھٹے Direct Selling Conclave 2026 میں شرکت کی ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ لوگوں کو شفاف طریقے پر مختلف سہولیات دستیاب کرانے میں ٹیکنالوجی اہم رول ادا کر رہی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ Direct Selling کا عمل ہنر مندی کے ساتھ مربوط کر کے نوجوانوں اور خواتین کو روزگار فراہم کر سکتا ہے ۔

سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا

PM سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کا دائرہ کار ہر گزرتے دن کے ساتھ وسیع ہوتا جا رہا ہے اور اب تک یوٹی میں 18 ہزار روف ٹاپ سولر نصب کئے گئے ہیں ، جن میں سے 16 جموں کشمیر میں

ہزار 284 سسٹمز کو گرڈ کے ساتھ جوڑ دیا گیا ہے ۔سکیم کے تحت مرکزی سرکار نے مستحقین میں ایک ارب تیس کروڑ جبکہ یوٹی حکومت نے لگ بھگ تین کروڑ روپے کی سبسڈی واگزار کی ہے ۔ سکیم کے تحت صارفین اپنے گھروں پر تین کلو واٹ ، پانچ کلو واٹ ، آٹھ یا دس کلو واٹ صلاحیت والے روف ٹاپ سسٹم لگوا سکتے ہیں ۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر ،سماج سے رشوت خوری کی بدعت کا خاتمہ کرنے اور راشی عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔

خاص طور سے اراضی گھوٹالوں کے معاملات میں ملوث افراد کے خلاف موثر کارروائی ACB کر رہا ہے۔

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک کے تاثرات - ACB

بارہمولہ

بارہمولہ کے ضلع ترقیاتی کمشنر منگا شیر پا کی صدارت میں کل ڈسٹرکٹ روڑ سیفٹی کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں ضلعے میں عملائے جا رہے روڑ سیفٹی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ اہم مقامات پر Crash Barriers ، روڑ Dividers اور ایمرجنسی فون نمبرات والے سٹیکر نصب کرنے کے تفصیلی پروجیکٹ کو تیار کریں ۔

ونٹر جنگل

وادی میں موسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ساتھ گرمی دینے والے آلات کا استعمال جاری ہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

پلوامہ

ضلع ترقیاتی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم نے ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں جمع بندیوں کے کام کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے متعلقہ تحصیلداروں کو ہدایت دی کہ وہ اس کام Digitisation کی کی روزانہ کی بنیاد پر نگرانی کریں اور پٹواریوں کے لئے اہداف مقرر کریں تاکہ عام لوگوں کو دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے ۔

بڈگام

بڈگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے پَلَر بڈگام میں حال ہی میں چالو کئے گئے Material Recovery پلانٹ کا دورہ کر کے اس کے کام کا جائزہ لیا ۔ ترقیاتی کمشنر کو اس موقعہ پر بتایا گیا کہ پلانٹ پر موثر طریقے پر کوڑا کرکٹ کو ٹھکانے لگانے کا کام انجام دیا جا رہا ہے ۔

گاندربل

گاندربل میں ضلع ترقیاتی کمشنر جتن کشور کی صدارت میں نارکو کوآرڈنیشن سینٹر ضلع سطح کی کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں ضلعے میں منشیات کے خلاف کئے جا رہے اقدامات کا جائزہ لیا گیا ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دیکہ وہ نوجوانوں کو اس بدعت سے دور رکھنے کے لئے اقدامات کریں ۔

نمدہ

ہینڈی کرافٹ اینڈ ہینڈ لومز محکمے نے وادی میں نمدہ صنعت کو دوا م بخشنے نیز اس کی شان رفت بحال کرنے کیلئے میکنیکل اینڈ ہاسپٹلز انجینئرنگ محکمے کے اشتراک سے ایک جدید طرز کی کارڈنگ میشن لگانے کا فیصلہ کیاہے ۔ اس میشن کی اُون پراسس کرنے کی سالانہ صلاحیت لگ بھگ30ہزار کلو گرام ہوگی ۔

ایک پریس بیان میں محکمہ نے کہا ہے کہ اس پہل کی بدولت ایک طرف وادی کے ہینڈی کرافٹس شعبے کو تحفظ دینے اور روزگار کے دیر پا وسائل پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****